11-Dec-12

پریس ریلیز

عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ انٹرنیشنل کے تحت ملٹی ٹریڈ ٹیکنیکل ایجوکیشن انسٹی ٹیوٹ کا قیام %100 مفت تربیت دی جائیگی
کمپیوٹر، الیکٹریشن، کارپینٹنگ، پلمبنگ و دیگر ٹریڈز متعارف

کراچی (پ ر) صحت کے شعبہ میں %100 مفت طبی خدمات کے بعد اب عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ انٹرنیشنل کے زیر انتظام ایک جامع اور کثیر الفنی (ملٹی ٹریڈ) ٹیکنیکل ایجوکیشنل انسٹی ٹیوٹ کا قیام عمل میں لایا جارہا ہے تاکہ ملک میں بڑھتی ہوئی بے روزگاری کا سد باب کیا جاسکے۔ اس منصوبے کی منظوری بورڈ آف ٹرسٹیز کے سالانہ اجلاس میں دی گئی۔ بورڈ آف ٹرسٹیز کی جانب سے اس مقصد کیلئے تقریباً 15 کروڑ روپے مالیت کی عمارت مخصوص کر دی گئی ہے جبکہ ابتدائی طور پر اسے چلانے کیلئے 4 کروڑ روپے کی خطیر رقم کا بجٹ مختص کر دیا گیا ہے۔ ٹیکنیکل انسٹی ٹیوٹ میں کئی ٹریڈز کی تدریس و ٹریننگ کا انتظام کیا جارہا ہے جس میں کمپیوٹر ہارڈ ویئر، کمپیوٹر سافٹ ویئر، الیکٹریشن، وال پینٹر، کارپینٹنگ، آٹو مکینک، کچن کلنگ، ریفریجیریشن اینڈ ایئر کنڈیشننگ اور پلمبنگ وغیرہ شامل ہیں۔ عالمگیر ٹرسٹ کے ڈائریکٹر تعلقات عامہ شکیل دہلوی نے بتایا کہ عالمگیر ٹرسٹ تعلیم کے فروغ کیلئے بڑے پیمانے پر خدمات انجام دے رہا ہے، اور ملک میں بڑھتی ہوئی بے روزگاری، معاشی ابتری اور بدامنی کا تدارک صرف بہتر روزگار کے مواقع فراہم کرنے سے ہی کیا جاسکتا ہے، چنانچہ ٹرسٹ کے زیر انتظام فنی تعلیمی ادارے کا قیام عمل میں لایا جارہا ہے تاکہ نوجوان اور کم پڑھے لکھے لوگ بھی پیشہ ورانہ ہنرمندی حاصل کر کے برسرروزگار ہوسکیں۔ جبکہ ٹرسٹ کی جانب سے عمومی تعلیم کے فروغ کیلئے جو خدمات جاری ہیں وہ بدستور جاری رہیں گی البتہ ٹیکنیکل انسٹی ٹیوٹ کا قیام ترقی و کامرانی کا ایک نیا سنگ میل ثابت ہوگا۔ اس دوران تربیت حاصل کرنے والے مخصوص طلباء کو گزارہ الاؤنس بھی دیا جائیگا۔ شکیل دہلوی نے بتایا کہ یہ ملک کا واحد ٹیکنیکل انسٹیٹیوٹ ہوگا جو کہ %100 اپنے طالب علموں کو فنی تربیت مفت دیگا۔ اس سلسلے میں تعلیمی ماہرین اور پیشہ ورانہ صلاحیت کے حامل شخصیات سے مشاورت اور رہنمائی حاصل کی جارہی ہے۔ حال ہی میں سندھ ٹیکنیکل بورڈ کے سابق چیئرمین اور بورڈ آف سیکنڈری ایجوکیشن کے حالیہ چیئرمین جناب فصیح الدین خان نے بھی ادارے کی اس کاوش کو بے حد سراہا اور اپنے تعاون کی بھرپور یقین دہانی کرائی۔ انسٹی ٹیوٹ میں داخلوں کا اعلان جلد کیا جائے گا۔

#

شکیل دہلوی

ڈائریکٹر تعلقات عامہ

0333-2111645